© rasailojaraid.com

شاہنامۂ اسلام جلد اول

از جناب عامر عثمانی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ :- مکتبہ ماہنامہ تجلی دیوبند ضلع سہارنپور۔

اردو میں حفیظ جالندھری نے سب سے پہلے شاہنامہ اسلام لکھا جو بہت زیادہ مقبول و مشہور ہوا۔ اب انھیں کے تتبع میں ایک نوجوان شاعر عامر عثمانی نے شاہنامہ لکھنا شروع کیا ہے جس کی پہلی جلد اس وقت زیر تبصرہ ہے اس شاہنامہ کی بحر اور انداز نگارش وہی ہے جو حفیظ کے شاہنامہ کا ہے۔ البتہ فرق اتنا ہے کہ حفیظ کے ہاں شاعری تاریخیت پر غالب ہے۔ اور عامر کے شاہنامہ میں اس کی کوشش کی گئی ہے کہ شاعری کو حتی الوسع تاریخیت کے قریب ہی رکھا جائے چنانچہ وہ جگہ جگہ حاشیہ میں اشعار کے مضمون کے ماخذ کے طور پر قرآن مجید کی آیات اور احادیث کے ٹکڑے نقل کرتے چلے گئے ہیں لیکن اس کے باوجود شعر کا مقصد جو جذبات انگیزی ہوتا ہے اس پر کوئی اثر نہیں پڑنے پایا ہے اس جلد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے لے کر جنگ یمامہ تک کے حالات کا منظوم بیان ہے اور صرف بیان ہی نہیں۔ بلکہ ہر واقعہ پر جو نتائج مرتب ہوتے ہیں اور ان سے جو سبق لینا چاہیئے اور جو اس کے اسباب وعلل ہیں ان کو بھی پُر زور ولولہ انگیز طرز میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے بعض حصے اس لائق ہیں کہ مسلمان بچوں اور بچیوں کو زبانی یاد کرائے جائیں۔ تاکہ بچپن سے ہی تاریخ اسلام کے ابتدائی دور کی اہمیت وعظمت کا نقش ان کے دلوں پر بیٹھ سکے اس کا مطالعہ ہم خرما وہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

قوموں کا عروج وزوال

از جناب سید حامد علی صاحب تقطیع خورد ضخامت ۶۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸ر پتہ : مکتبہ جماعت اسلامی ہند رام پور (یو۔پی)

مسلمانوں کے عروج وزوال کے اسباب پر اب تک مختلف زبانوں میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور اب تک یہ سلسلہ "شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیرہا" کا مصداق بن جانے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے باعث ختم نہیں ہوا ۔ اس رسالہ میں بھی پہلے لائق مؤلف نے قوموں کے عروج و زوال کے اسباب پر ایک عام بحث کر کے ان بعض افکار کی تغلیط کی ہے جو اس بحث میں عموماً بیان کئے جاتے ہیں اس کے بعد انھوں نے خود ان صفات کو بیان کیا ہے جو کسی قوم کے لئے بھی عروج کا باعث ہو سکتے ہیں پھر ان خرابیوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جو مذکورۂ بالا صفات میں سے کسی ایک صفت میں یا سب ہی صفات میں کچھ نقص ہونے کے باعث پیدا ہو جاتی ہیں ظاہر ہے کہ قوموں کے عروج و زوال کے اسباب کی بحث ایک نہایت وسیع اور پیچیدہ بحث ہے اور اس سے عہدہ برآ ہونے کے لئے نفسیات اقوام تاریخ اور فلسفۂ تاریخ ان سب کا مطالعہ ضروری ہے اور یہ سب مباحث ایک مختصر سی کتاب میں نہیں سما سکتے تاہم اس رسالہ کا مطالعہ بھی مفید ہوگا ۔ انداز بیان سلجھا ہوا اور شگفتہ ہے ۔

رسول مقبول

از جناب منظر جلیسری تقطیع خورد ضخامت تقریباً سو صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ ۔ پتہ (۱) سنگم کتاب گھر اردو بازار ۔ دہلی (۲) یونین بکڈپو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

یہ چند نظموں ۔ رباعیات اور قطعات کا مجموعہ ہے جن کا موضوع حمد و نعت، درود و سلام منقبت ۔ شہادتِ کبریٰ کا بیان ۔ اور تاریخ اسلام کے بعض واقعات ہیں اشعار پر اثر اور ولولہ انگیز ہیں جن سے لائق مصنف کی گہری عقیدت و ارادت کا اظہار ہوتا ہے امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کر کے ثواب دارین حاصل کریں گے ۔

مطبوعات ندوۃ المصنّفین کی تازہ فہرست
طلب فرمائیے

© rasailojaraid.com